10

# میری بلّی



میری بِلّی میری بِلّی
اُجلی اُجلی مکّھن جیسی
لَمبی لَمبی مونچھوں والی
نیلی نیلی آنکھوں والی
نَرم مُلائم، چِکنی چِکنی
کھال ہے اُس کی ریشَم جیسی
سردی میں ہے رنگ دکھاتی
پنجوں سے وہ گیند پکڑتی
دانتوں سے پھر حَملہ کرتی
چپکے سے راتوں میں آ کر
گرم رضائی میں سو جاتی
میرے جاگنے سے پہلے ہی
صبح سویرے چھو ہو جاتی
میری بِلّی میری بِلّی

– پروفیسر اسلم آزاد

© NCERT not to be republished

## ☜ اساتذہ کے لیے ہدایات :

- استاد بچّوں سے سوال کریں کہ بلّی کی مونچھیں کیسی ہیں؟ بچّوں کے جواب کی روشنی میں تختۂ سیاہ پر 'لمبی' لکھ دیں۔ پھر سوال کریں کہ بلّی کس موسم میں اپنا رنگ دکھاتی ہے۔ بچے کہیں گے 'سردی'۔ اب سردی بھی تختۂ سیاہ پر لکھ دیا جائے۔
- پھر بچّوں سے سوال کریں کہ بلّی کی کھال کیسی ہوتی ہے؟ اس پر بچے جواب دیں گے 'نرم، ملائم اور چکنی۔ آپ ان میں سے لفظ چکنی اور ملائم تختۂ سیاہ پر لکھ دیں۔
- اس کے بعد استاد بچّوں کو بتائیں کہ لفظ لمبی میں 'ل' پر جو آواز ہے وہ لام زبر 'ل' کی ہے۔ لفظ چکنی میں 'چ' کی آواز چ زیر 'چ' کی ہے اور ملائم میں 'م' کی آواز م پیش 'مُ' کی ہے۔
- اب بچّوں کو بتایئے کہ اردو میں زبر، زیر، پیش کے لگانے سے آوازیں بدل جاتی ہیں۔ جیسے۔ اَن اِن اُن
- اب انھیں تختۂ سیاہ پر زبر، زیر، پیش لکھ کر دکھائیں۔ زَبر ___َ___ زیر ___ِ___ پیش ___ُ___
- تختۂ سیاہ پر نرم لکھ کر معلوم کریں کہ اس میں 'ن' پر زبر کی آواز ہے یا زیر کی۔ بچّوں کے جواب کی روشنی میں انھیں شاباشی دیں۔ تختۂ سیاہ پر اُجلی لکھ کر معلوم کریں کہ اس میں الف پر آواز کون سی ہے؟ 'اَ' کی 'اِ' کی یا 'اُ' کی۔ بچّوں کے جواب کی روشنی میں انھیں بتائیں کہ لفظ اُجلی میں الف پر پیش کی آواز ہے۔ اب ان لفظوں کو تختۂ سیاہ پر لکھ کر زبر، زیر، پیش کی مشق کرایئے۔

بَن بِن بُن پَن پِن پُن ٹَپ ٹِپ ٹُپ

- تختۂ سیاہ پر آن، آپ اور آٹا لکھ کر بچّوں کو بتائیں کہ ان لفظوں میں 'ا' پر مد لگایا گیا ہے۔ اس سے اس کی آواز لمبی ہو گئی ہے۔ پھر بچّوں سے معلوم کریں کہ نظم میری بلّی میں کون سے لفظ ہیں جن میں الف پر مد ہے۔ بچے بتائیں گے۔
آنکھ آکر
- اب لفظ بلّی لکھ کر بچّوں سے معلوم کریں اس لفظ میں 'ل' کی آواز کتنی کتنی بار آ رہی ہے۔ بچے کہیں گے 'دو بار'۔ انھیں بتایئے کہ جن لفظوں میں ایک حرف کی آواز دو بار آتی ہے اس پر تشدید لگی ہوتی ہے۔ تشدید کی علامت تختۂ سیاہ پر بنایئے۔
- تشدید ___ّ___
- اب بچّوں سے معلوم کریں کہ اس نظم میں اور کون سے الفاظ ایسے ہیں جن میں تشدید لگی ہے۔ بچے بتائیں گے مکّھن۔ اس طرح انھیں اور کچھ لفظ بتائیں۔
- ابّا بٹّا پٹّا پتّا پتّی

© NCERT not to be republished

# مشق

## 1. ان لفظوں کو لکھوائیے



بِلّی ______ ______ ______ ______ ______

اُجلی ______ ______ ______ ______ ______

نَرم ______ ______ ______ ______ ______

سَردی ______ ______ ______ ______ ______

## 2. مصرعے مکمل کرائیے

میری ______ میری بِلّی


اُجلی ______ مکھّن ______

______ ملائم ______ چکنی

کھال ہے اس کی ______ جیسی

______ سے وہ ______ پکڑتی

دانتوں سے پھر ______ کرتی





© NCERT not to be republished

## 3. مثال کے مطابق کالم الف کے الفاظ کو کالم ب سے ملوائیے



| الف | ب |
|---|---|
| لمبی | پکڑتی |
| گیند | کھال |
| ریشم جیسی | مونچھوں |
| گرم | آنکھوں |
| نیلی | رضائی |

## 4. درج ذیل الفاظ کو حروفِ تہجی کے اعتبار سے لکھوائیے




| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| گیند | بلّی | اُجلی | صبح | خرگوش | دانت |
| رات | سیب | نیم | شام | تربوز | چکنی |

© NCERT not to be republished


## 5. نیچے دی ہوئی تصویروں کے نام لکھوائیے
















© NCERT
not to be republished

## 6. چشمے میں رنگ بھروائیے




## 7. نیچے دی ہوئی تصویروں کو دیکھ کر درست اِملا لکھوائیے





لہاف ________



صورج ________




شانپ ________



چراگ ________



انکور ________



مرگا ________

© NCERT not to be republished

## 8. درج ذیل الفاظ بلند آواز سے پڑھوائیے



ـَـ زبر : اَدَب خَط شَجَر بَشَر نَظَر شَب رَنگ شَربَت

ـِـ زیر : جِسم قِسم تِتلی دِن دِل نِیلی تِیتر

ـُـ پیش : خُدا اُردو وُضو رُت رُخ رُسوا صُبح

ـّـ تشدید : عزّت شدّت مُحبّت ردّی قوّت مروّت

## 9. درج ذیل لفظوں کو زبر، زیر، پیش اور تشدید والے الفاظ کو ان سے متعلق خانوں میں لکھوائیے



بَس فَن رَس جُدا رَب حِنا جَگ چُپ


عِزت مُرغ مَدَد مُسافر تَیار اُنّیس ابّا بلّی

ـَـ : ______ ______ ______ ______

ـِـ : ______ ______ ______ ______

ـُـ : ______ ______ ______ ______

ـّـ : ______ ______ ______ ______





© NCERT not to be republished

## 10. ان لفظوں کو لکھوائیے

شدّت : ______ ______ ______ ______ ______

قُربانی : ______ ______ ______ ______ ______

سَزا : ______ ______ ______ ______ ______

سِتارا : ______ ______ ______ ______ ______

© NCERT not to be republished

